ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (578)

مورخہ 31.10.23

# بہاولپور( )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی بین الاضلاعی نوسر باز گینگ کے 04 کارندے گرفتار، 100 فیصد ریکوری (24 لاکھ روپے) برآمد، ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ بہاولپور پولیس کو کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ صدر حاصل پور نے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر جدید ٹیکنالوجی اور روائتی طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے دن رات کی انتھک محنت کے بعد بین الاضلاعی نوسر باز گینگ کے 04 ملزمان محمد علی، روف خان، محمد تنزیل اور زاہد اقبال کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے دھوکہ دہی سے لوٹی گئی رقم مبلغ 24 لاکھ روپے برآمد کر لی گئی۔ واضح رہے کہ بین الاضلاعی نوسر باز گینگ کے چاروں ملزمان ضلع اوکاڑہ کے رہائشی ہیں اور چند روز قبل اپنے آپ کو آرمڈ فورس کے افسران ظاہر کر کے اور سرکاری رقبہ دکھا کر فروخت کرنے کی غرض سے مقامی زمیندار سے 24 لاکھ روپے بطور ایڈوانس لیا اور فرار ہو گئے تھے۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے اور گینگ کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاریوں کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ ریکور شدہ رقم ضروری کارروائی کے بعد اصل مالک کے حوالے کی جارہی ہے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور شہری بھی ایسے نوسر بازوں سے محتاط رہیں۔ اس کامیاب کارروائی پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ایس ایچ او تھانہ صدر حاصل پور اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی بین الاضلاعی نوسر باز گینگ کے 04 کارندے گرفتار، 100 فیصد ریکوری 24 لاکھ روپے برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(579)

مورخہ 31.10.2023

## بہاولپور(           )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات،شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید،تھانہ صدر حاصل پور اور تھانہ قائم پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 07 ملزمان نذر محمد،عرفان، کامران نذر،شہزاد، یونس اور جاوید عرف جیدی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 06عدد پسٹل 30 بور جبکہ تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے احسان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے رائفل 7mm برآمد کر لی۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے 02 ملزمان دلبر راجپوت اور رمضان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 50 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ بغدادالجدید اور تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے 02 ملزمان آصف اور نعمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 460 گرام چرس برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد